عوامی آگاہی کا پیغام

بینک دولت پاکستان

توجّہ فرمائیں !!!

بینکوں کی تھرڈ پارٹی پروڈکٹس کے خریدار

تھرڈ پارٹی پروڈکٹس سے مراد دیگر اداروں کی ایسی پروڈکٹس ہیں جو بینک ڈسٹری بیوٹر کی حیثیت سے اپنے صارفین کو فروخت کرتے ہیں اور ان میں انشورنس یا انوسٹمنٹ کی تمام اقسام کی پروڈکٹس ماسوائے گورنمنٹ سیکوریٹیز شامل ہیں۔

گزشتہ چند برسوں کے دوران پاکستانی بینکوں نے ڈسٹری بیوٹر کے طور پر تھرڈ پارٹی پروڈکٹس کی فروخت شروع کر رکھی ہے۔ تاہم، اس کاروباری توسیع نے غلط یا جبری فروخت، مفادات کے تنازعات، شکایات کے ازالے کی ضرورت وغیرہ کے حوالے سے درپیش خدشات میں اضافہ کردیا ہے۔

لہٰذا عوام الناس کے بہترین مفاد کے پیش نظر اسٹیٹ بینک آف پاکستان مطلع کرتا ہے کہ:

کسی بینک سے تھرڈ پارٹی پروڈکٹ خریدنے کے خواہشمند حضرات بینک کے نمائندے سے کم از کم مندرجہ ذیل معلومات پر مشتمل ''بیسک فیکٹ شیٹ (BFS)'' ضرور طلب کریں۔

- پروڈکٹ کی مختصر تشریح۔
- بینک کی جانب سے ڈس کلیمر (Disclaimer) کہ وہ صرف ڈسٹری بیوٹر کی حیثیت سے کام کر رہا ہے۔
- انوسٹمنٹ کی صورت میں منافع کا طریقۂ کار۔
- بینک اشورنس (Bancassurance) کی صورت میں فری لُک پیریڈ (Free Look Period)، پریمیئم شیڈول اور انشورنس کلیم کے حصول کا طریقۂ کار۔
- قبل از وقت ادائیگی کی صورت کا طریقۂ کار اور اس کے نتائج۔
- کسی شکایت یا مسئلے کی صورت میں ازالے کا طریقۂ کار۔

تھرڈ پارٹی پروڈکٹس کے خریدار اپنے مفاد کی خاطر BFS کے ذریعے پہلے سے فراہم کردہ معلومات کی تصدیق کے لئے کال بیک کنفرمیشن (CBC) یا اسی نوعیت کا پیغام موصول ہونے کی صورت میں بینک کے اسٹاف کے ساتھ تعاون کریں۔

اگر بینک کسی کلائنٹ کو جبراً تھرڈ پارٹی پروڈکٹ فروخت کرنے کی کوشش کرے تو براہ کرم کنٹریکٹ پر دستخط کرنے سے پہلے متعلقہ بینک کے کمپلینٹ ہینڈلنگ یونٹ کو فوری رپورٹ کریں کیونکہ کوئی بھی تھرڈ پارٹی پروڈکٹ خریدنے کے بعد جبری یا غلط فروخت کی شکایت کرنا خریدار کے لئے قانونی پیچیدگی پیدا کرسکتا ہے۔

رہنمائی کیلئے رابطہ کریں:۔

محمد اسد اکبر

اسسٹنٹ ڈائریکٹر

کنزیومر پروٹیکشن ڈپارٹمنٹ، اسٹیٹ بینک آف پاکستان، کراچی

فون نمبرز: 021-32453579 & 021-99221935

فیکس نمبرز: 021-99218160 & 021-99221154

ای میل: cpd.helpdesk@sbp.org.pk

PID(K)502/14